2020年6月24日ジャング紙ラホール版1面

اوکاڑہ میں میر چاکر اعظم مقبرہ کی بحالی کیلئے فنڈ دیدیئے وزیراعلیٰ بزدار

یار محمد رند کا اظہار تشکر

ستگرہ کو سیاحتی مقام بنائینگے، پنجاب میں روزانہ 12 ہزار کورونا ٹیسٹ ہوتے ہیں، گندم کی قیمت میں استحکام کے لئے اقدامات اٹھائیں گے، عثمان بزدار

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وزیراعظم کے معاون خصوصی اور بلوچستان کے وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے ملاقات کی، وزیراعلیٰ آفس میں ہونے والی ملاقات میں بین الصوبائی ہم آہنگی اور صوبوں کے درمیان تعلقات میں فروغ کیلئے باہمی رابطے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ اوکاڑہ میں میر چاکر اعظم رند کے مقبرے کی اصل حالت میں بحالی کیلئے فنڈز مہیا کر دیئے ہیں اور بحالی کے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اوکاڑہ کے نواح میں ست گرہ کو سٹیٹ آف دی آرٹ سیاحتی مقام بنایا جائے گا۔ ست گرہ قلعہ، مچلو فارم اور سر گنگا رام کا بنایا ہوا ہائیڈرو الیکٹرک پاور سٹیشن سیاحوں کی دلچسپی کا باعث ہوگا۔ ڈیرہ غازی خان میں میر چاکر اعظم رند ٹیکنیکل یونیورسٹی بھی قائم کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ پنجاب بڑے بھائی کے طور پر بلوچستان سمیت ہر صوبے سے محبت کا بھرپور حق ادا کر رہا ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی و وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے کہا کہ بلوچ قبیلے کے لئے معتبر مقبرے کی بحالی پر حکومت پنجاب اور عوام کے شکر گزار ہیں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے سردار یار محمد رند کی طرف سے دورہ بلوچستان کی دعوت قبول کر لی انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ پر شہری حدود میں بکر منڈیاں نہیں لگیں گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ لاہور کے بعض علاقوں کو سیل کرنے کے حوالے سے جلد حتمی پلان پیش کیا جائے۔